صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 15 جون 2010 بمطابق 2 رجب 1431 ھجری شام تین بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْیَتِیمِ إِلَّا بِالَّتِی هِیَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ یَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا بِالْعَهْدِ ۖ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُولًا O وَأَوْفُوا الْكَیْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیمِ ۚ ذَٰلِكَ خَیْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِیلًا O وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ ۚ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا O وَلَا تَمْشِ فِی الْأَرْضِ مَرَحًا ۖ إِنَّكَ لَن تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَن تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ۞ صَدَقَ اللّٰهُ ۖ الْعَظِیمِ۔

(ترجمہ): ارشاد ہے۔ مال یتیم کے پاس نہ پھٹکو مگر احسن طریقے سے یہاں تک کہ وہ اپنے شباب کو پہنچ جائیں۔ عہد کی پابندی کرو بے شک عہد کے بارے میں تم کو جواب دہی کرنی ہو گی۔ پیمانے سے دو تو پورا بھر کر دو اور تولو تو ٹھیک ترازو سے تولو یہ اچھا کام ہے اور بلحاظ انجام بھی یہی بہتر ہے۔ کسی ایسی چیز کے پیچھے نہ لگو جس کا تمھیں علم نہ ہو۔ یقیناً آنکھ، کان اور دل سب ہی کی باز پرس ہونی ہے، زمین میں اکڑ کر نہ چلو تم نہ زمین کو پھاڑ سکتے ہو اور نہ پہاڑوں کی بلندی کو پہنچ سکتے ہو۔ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، اسمائے گرامی ہیں: جناب سید مرید کاظم شاہ صاحب 15 جون 2010 کیلئے; جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے 15 جون 2010 کیلئے; جناب وقار احمد خان 15 جون 2010 کیلئے; جناب جاوید خان ترکئی صاحب 15 جون 2010 تا اختتام اجلاس; جناب شیر اعظم خان وزیر 15 جون 2010 کیلئے; جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ خان صاحب 15 اور 16 جون 2010۔ Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: leave is granted.

بجٹ مالی سال 11-2010 پر عمومی بحث

جناب سپیکر: تمام معزز اراکین سے، چونکہ بجٹ پر بحث کیلئے بہت زیادہ تعداد میں ممبران نے نام جمع کرائے ہیں لہذا ہم نے صوبائی اسمبلی کے قواعد و انضباط طریقہ کار، مجریہ 1988 کے قاعدہ 142 کے ذیلی قاعدہ (3) کے تحت بجٹ پر بحث کیلئے لیڈر آف دی اپوزیشن کیلئے بیس منٹ، پارلیمانی لیڈرز کیلئے دس دس منٹ اور تمام دیگر اراکین کیلئے پانچ منٹ کا وقت مقرر کیا ہے، لہذا آپ مقررہ وقت کے اندر بجٹ کے حوالے سے تنقیدی جائزہ پیش کر کے اپنی تجاویز سے آگاہ کریں، نیز غیر ضروری بحث سے بھی اجتناب کریں اور کوشش کریں کہ Repetition نہ ہو۔ جو معزز رکن ایک طرف پوائنٹ آؤٹ کر لے تو دوسرے معزز اراکین اس کو دوبارہ، میرے خیال میں مناسب نہیں ہوگا، ہاؤس کا وقت بھی ضائع ہوگا اور ان کا بھی وہ ہوگا۔ اب میں بجٹ پہ ڈیبیٹ شروع کرنے کیلئے لیڈر آف دی اپوزیشن، جناب اکرم خان درانی صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنی تقریر کا آغاز کریں، بجٹ پر اپنی بحث کا آغاز کریں۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب، میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے بجٹ پہ اظہار خیال کرنے کا موقع دیا۔ چونکہ دو دن پہلے یہاں پر ہمارے فنانس منسٹر ہمایون خان نے بجٹ سپیچ بھی کی اور ہمیں بجٹ کی کتابیں بھی ملیں، میرے تو بہت پیارے بھی ہیں اور ایک عظیم باپ کا عظیم بیٹا بھی ہے لیکن انہوں نے یہاں پر ایک جملہ استعمال کیا کہ میں نے یہاں پر عوامی نمائندگان بشمول میڈیا اور سب لوگوں سے بجٹ پہ مشاورت کی ہے، چونکہ میں بھی اپوزیشن کا لیڈر ہوں اور عوامی نمائندہ بھی ہوں اور میرے خیال میں سکندر خان صاحب بھی اس طرح پارلیمانی لیڈر ہیں، قلندر

لودھی صاحب، نگہت اور کرزئی صاحبہ اور نون والے بھی ہمارے ساتھ بیٹھے ہیں، میرے ساتھ اس پہ نہ کوئی مشورہ اور نہ کسی نے کوئی زحمت کی ہے کہ مجھے بتایا گیا ہو۔ بہر حال یہ پختونولی اور پختون روایات والے لوگوں کا صوبہ ہے اور یہاں پر ہمارے پختون روایات کے جو دعویدار لوگ، جو جرگہ والے ہوتے ہیں، وہ ہمیشہ جرگے اور مشورے کو ترجیح دیتے ہیں لیکن ہمیں افسوس نہیں ہے، تھوڑا سا گلہ اپنی روایات پہ ہے کہ ہمیں نظر انداز کیا گیا، بلکہ یہ اس کی اپنی مرضی لیکن پھر بھی ہم، ابھی جو موجودہ بجٹ ہے چونکہ اس میں کچھ نمایاں چیزیں اس دفعہ سامنے آئی ہیں اور اسمیں سر فہرست یہ کہ اس بجٹ میں چالیس فیصد اضافہ ہوا، پہلی بار این ایف سی ایوارڈ متفقہ طور پر پاس ہوا، یہ بھی جمہوری قوتوں کی ایک فتح ہے اور ہمیں خوشی بھی ہے کہ یہ ایگریمنٹ ہوا۔ اس کے بارے میں تھوڑا سا، چونکہ میں بھی پانچ سال اس صوبے کا چیف منسٹر رہا ہوں اور جب وقت پورا ہوتا تو ہر سال ہماری بھی اس پہ میٹنگ ہوتی تھی، فنانس منسٹر اور ہماری کبھی ایک صوبے اور کبھی دوسرے صوبے کے ساتھ، ہم بھی ایک انجام پہ پہنچ چکے تھے این ایف سی ایوارڈ کی تقسیم پہ لیکن ہمارا فارمولا اپنا تھا، سندھ والوں کا اپنا تھا کہ ریونیو کی بنیاد پہ بھی کچھ حصہ ہو جس سے ہمارا اختلاف تھا اور پھر ہم متفق نہ ہو سکے۔ پھر پریذیڈنٹ آف پاکستان اس وقت جنرل مشرف صاحب تھے، پرائم منسٹر صاحب تھے، پریذیڈنٹ نے ہمیں پرائم منسٹر کے ذریعے پیغام بھیجا چاروں چیف منسٹرز کو کہ آپ مجھے اختیار دے دیں کہ میں اپنا فیصلہ کروں، اگر آپ لوگ متفق نہیں ہو سکتے۔ یہ بات ریکارڈ پہ بھی ہے اور میرے خیال میں چار سال کی بات کو بھولنا نہیں چاہیئے لیکن جب ہم نے سوچا اور پھر اس پہ پرائم منسٹر سے وہاں پر ملے اور ملاقات کی، اس کا آئیڈیا ہمیں معلوم ہوا کہ وہ 52 فیصد سے آگے جانے کیلئے تیار نہیں ہے چاروں صوبوں کو دینے کیلئے، تو پھر ہم نے پریذیڈنٹ سے بھی ٹائم لیا لیکن وہ دونوں تقریباً اس پہ کہ 52 فیصد شیئر ہم صوبوں کو دیں گے اور آخر دس سالوں میں پھر 57 فیصد تک پہنچیں گے تو اس لئے ہم نے انکار کیا اور جب تینوں چیف منسٹرز نے پریذیڈنٹ کو اختیار دیا، ضیاء الرحمن صاحب میرے سیکرٹری فنانس تھے، سراج الحق صاحب فنانس منسٹر تھے، ڈاکٹر زبیر صاحب ہمارے ایڈوائزر تھے، ہم چاروں نے ملکر اسلام آباد میں ایک خط لکھا پریذیڈنٹ مشرف کو کہ پاکستان کے آئین کے مطابق ایوارڈ جس طرح ہوتا ہے، اگر وہ سارے تقاضے پورے ہوں تو پھر ہم آپ کو اختیار دیتے ہیں ورنہ ہم آپ کو اس طرح غیر مشروط اختیار نہیں دے رہے ہیں، تو اس نے کچھ اضافہ کیا، پھر اس نے افسوس سے کہا کہ ایک فرنٹیئر، جو ہمارا ابھی پختونخوا ہے ہمارا صوبہ پختونخوا، کہ انہوں نے ہمیں اجازت نہیں دی بلکہ انہوں نے مجھ پر اعتماد نہیں کیا اور انکار کیا۔ تو میں

صرف یہ بتاؤں گا کہ آج اگر جمہوری لوگوں کی حکومت آئی اور ایک موقع ملا، اس صوبے کی ایک جمہوری حکومت تھی اگر وہ انکار نہ کرتے تو آج این ایف سی ایوارڈ 57 فیصد صوبوں کو نہ ملتا، یہ صرف میں اس ایوان میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوارڈ میں اس وقت سے لیکر اب تک ہمارا اپنا بھی رول رہا اور میں Appreciate بھی کرتا ہوں کہ یہ ہمارے انشاء اللہ اس صوبے کی بہتری کیلئے بہت اچھا ہوا لیکن افسوس اس بات پہ ہے کہ یہاں پر ہمارا صوبہ War میں ہے اور آج دنیا کی جتنی بھی امداد آرہی ہے دہشت گردی کے نام پر، اس کی ایک ہی وجہ ہے کہ یہاں پر پختونوں کا خون بہہ رہا ہے۔ خواہ وہ فاٹا میں ہو یا 'سیٹلڈ' میں ہو اور اسی بنیاد پہ اس پاکستان کو امداد مل رہی ہے لیکن جب این ایف سی ایوارڈ آیا تو اس میں صرف ایک فیصد دہشت گردی کے نام پر پورے Divisible pool سے ہمیں حصہ دیا جو کہ تقریباً چودہ ارب روپے سے بھی کچھ کم بنتا ہے اور اس سے پہلے جو ہم Subvention یا کچھ امداد لیتے تھے، اگر اس کا آپ حساب کریں تو وہ بھی تقریباً آٹھ، نو اور دس ارب روپے ہمارا Subvention بھی بنتا تھا جو کہ صرف بلوچستان اور ہمارے پختونخوا کا تھا۔ ابھی چونکہ ریونیو ہم نہیں مانتے تھے کیونکہ سارے دفاتر جو ہیں، وہ تو پھر کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ہیں، ابھی جس بات پہ میں آرہا ہوں، جو اس صوبے کے ساتھ انتہائی ظلم ہوا ہے، وہ آپ کی وساطت سے پورے ایوان کے سامنے اور میڈیا کے سامنے بھی رکھنا چاہتا ہوں۔ یہاں پر ہمارے قابل احترام گورنمنٹ اور اپوزیشن کے لوگ بیٹھے ہیں، ان کے سامنے بھی ریونیو کی بنیاد پر دو فیصد وہاں پر فیصلہ ہوا کہ پھر صوبوں کو ملے گا۔ ابھی آپ دیکھیں گے کہ صوبہ سرحد میں کارخانے ہیں، صوبہ سرحد میں ہوٹلز ہیں لیکن ان کے دفاتر جو ہیں وہ کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ہیں اور میں ان انڈسٹریز کا بھی نام لوں گا، جو کارخانے ادھر ہیں اور ان کے دفاتر کراچی، اسلام آباد اور لاہور میں ہیں۔ ایک کارخانہ 'کوہاٹ سیمنٹ' کا ہے، اس کا دفتر لاہور میں ہے اور یہ ساٹھ کروڑ روپے وہاں پر انکم ٹیکس جمع کروا رہے ہیں، سیلز ٹیکس میں اور ایکسائز ڈیوٹی میں۔ دوسرا کارخانہ 'چراٹ سیمنٹ' کا ہے، چراٹ سیمنٹ ستر کروڑ روپے اور اس کا 'مین' آفس کراچی میں ہے، یہ وہاں پر جمع ہو رہے ہیں۔ یہاں پر ہمارے ہاں ٹوبیکو ہے، چودہ کروڑ روپے، اس کا آفس کراچی میں ہے۔ ہمارا 'نظام پور سیمنٹ' ہے، اس کا ایک کروڑ روپے ہے اور آفس اسلام آباد میں ہے۔ 'جانانہ دمالوچو' کوہاٹ میں ہے اور اس کا آفس لاہور میں ہے، ایک کروڑ روپے وہاں پر جمع ہو رہا ہے۔ 'بابری کاٹن مل' کوہاٹ میں ہے اور کروڑوں روپے لاہور میں جمع ہو رہے ہیں۔ اسی طرح 'بنوں وولن مل' کا بھی صحیح فگر میرے پاس نہیں ہے لیکن اس کا دفتر ادھر ہے پی سی ہوٹل پشاور

میں ہے لیکن اس کا(مین) دفتر لاہور میں ہے اور پانچ کروڑ روپے لاہور میں جمع ہوتے ہیں۔ اسی طرح پاکستان ٹوبیکو نوشہرہ ہے، پانچ سے چھ ارب روپے سالانہ اس سے جمع ہوتے ہیں اور اس کا آفس اسلام آباد میں ہے۔ اسی طرح پیپسی کولا انٹرنیشنل حطار میں ہے، اس کا ایک سے دو ارب روپے جمع ہوتے ہیں اور اس کا آفس لاہور میں ہے۔ 'بیسٹ وے سیمنٹ' جو کہ یہاں پر ہمارے صوبے میں ہے، تقریباً اسی ارب روپے اس کے جمع ہو رہے ہیں اور اس کا 'مین' آفس کراچی میں ہے۔ اسی طرح 'مستحکم سیمنٹ' حطار ہے، اس کا بھی تقریباً اسی ارب روپے سالانہ جمع ہو رہے ہیں اور وہ حطار میں ہے۔ یہ جو فیصلہ ہوا ہے، اسلام آباد میں 11 نومبر 2009 کو سی بی آر کا جو حکم نامہ ہے، اس کے مطابق ہمارے اربوں روپے بنتے ہیں۔ کارخانے ادھر ہیں اور اس کا وہاں پر مونږ په پښتو کښې ورته وايو چه لګئ زمونږ سره ده خو هغه کچ چه دے هغه بل ځائے ته تلے دے، نو په دے باندے زما، میری گورنمنٹ سے گزارش ہے کہ اس مسئلے کو فوری طوری پر اٹھائے اور یہ میرے پاس فگرز بھی ہیں، میں ان کے حوالے سے کہونگا اور میں انشاء اللہ میڈیا کو بھی یہ فگرز دونگا، ابھی ایک صوبائی حکومت سے اتنی بڑی غفلت اور کیا ہو سکتی ہے؟ ہم کیا سمجھیں گے کہ سی بی آر کا حکم نامہ جو کہ سب دفاتر اور اکاؤنٹس آفسز میں بھی جاتا ہے اور یہاں پر ہمارے دفاتر میں بھی آتا ہے لیکن ہماری صوبائی حکومت خاموش ہے اور آج تک اس پہ کوئی ایک لفظ بھی کسی نے استعمال نہیں کیا ہے کہ اس صوبے سے جو کچھ ہے وہ باہر جا رہا ہے۔ ابھی میں آتا ہوں اٹھارھویں ترمیم پہ، چونکہ اٹھارھویں ترمیم میں ہم نے اپنے صوبے کیلئے شناخت حاصل کی، بجٹ میں ابھی جو نئی بات آئی ہے خیبر پختونخوا، یہ بھی اٹھارھویں ترمیم کے ذریعے ہی ہمارے صوبے کو جو شناخت مل گئی، اس پہ بھی میں بات کرونگا۔ اس میں بھی ہم سب ساتھ ہیں، پیپلز پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، جتنی بھی پارٹیاں ہیں ملک کی اٹھارھویں ترمیم پہ، خواہ وہ اپوزیشن ہے یا گورنمنٹ ہے، وہ سب متفق ہیں اور اٹھارھویں ترمیم سے ابھی ہمارے ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، ہیلتھ اور کافی ڈیپارٹمنٹس جو ہیں، وہ اس صوبے کو With budget مل جائیں گے جو کہ بہت بڑا فائدہ ہے لیکن اس میں ایک بات بڑی نمایاں ہے، اس میں ہمیں ترمیم کے ذریعے خیبر پختونخوا کا نام بھی ملا، ابھی جب میں باہر جاتا ہوں، تقریباً اس ہال سے بڑے بڑے بورڈز لگے ہوئے ہیں، اس پہ میں بات نہیں کرونگا کہ اس پہ کتنے اخراجات آئے ہیں، ہم تو یہ گلہ نہیں کرتے کہ اس میں کس کا کتنا رول ہے، میرے خیال میں پیپلز پارٹی کے پریزیڈنٹ اور پرائم منسٹر نے اٹھارھویں ترمیم پاس کرنے سے پہلے یہ بولنا شروع کیا تھا لیکن اس بورڈ پہ ان

کا کوئی نام نہیں ہے اور ذکر بھی نہیں ہے۔ میں چونکہ اس اسمبلی میں بیس پچیس سال سے، ایوب جان صاحب اور یہ سارے بزرگ آ رہے ہیں، جس وقت اس ایوان میں پختونخوا کی قرار داد پاس ہو رہی تھی، میں بھی اس اسمبلی کا ایک ممبر تھا، پختونخوا کی قرار داد اس اسمبلی کی وہ قرار داد ہے، جو سن 92ء، 93ء میں پاس ہوئی ہے اور اگر ہم مرکز میں جاتے ہیں اور وہاں پر بات کرتے ہیں کہ ایک متفقہ قرار داد صوبے نے پاس کی ہے جو کہ شناخت چاہتے ہیں لیکن اس پہ عمل نہیں کیا جاتا۔ اس وقت میرا اپنا جو نام تھا، میں نے پختونستان دیا تھا، میرے ساتھ پیر محمد خان تھے، انہوں نے نورستان دیا تھا اور پیپلز پارٹی کی طرف سے، اس وقت پیپلز پارٹی ایک تھی، نجم الدین خان نے پختونخوا دیا تھا اور اے این پی نے بھی پختونخوا دیا تھا اور پھر میں نے پختونستان پہ مکمل تقریر کی کہ میں کیوں اس کا نام پختونستان چاہتا ہوں؟ میں نے اس وقت کے حوالے سے پاکستان بننے کے بعد جو، بنوں میں ایک بڑا پیپل کا درخت تھا اور اس کے نیچے ایک ایگریمنٹ ہوا تھا کہ اس صوبے کا نام جو ہوگا، اور یہاں پر سب سیاسی پارٹیاں اور خاص کر ان میں اے این پی کے حوالے سے کہ یہ نام پختونستان ہوگا، تو پھر جب میں نے بحث کی تو بیگم نسیم ولی خان صاحبہ اے این پی کی پریزیڈنٹ تھیں اور فرید طوفان صاحب جنرل سیکرٹری تھے، میں نے اپنے دلائل دیئے، انہوں نے پختونخوا پہ اپنے دلائل دیئے، جب انہوں نے مجھے ریکویسٹ کی کہ آپ بھی شناخت چاہتے ہیں اور ہم بھی، میں آپ سے گزارش کرتا ہوں، بیگم صاحبہ اٹھیں کہ آپ اپنے پختونستان کو Convert کریں پختونخوا میں، میں نے کہا کہ یہ میری پارٹی کا موقف ہے، میں اس کو خود یہاں پر تبدیل نہیں کر سکتا۔ ثاقب صاحب کے والد، ہدایت اللہ چمکنی صاحب ہمارے سپیکر تھے، بیگم صاحبہ نے ان سے ریکویسٹ کی کہ آپ ٹی بریک کریں، میں درانی صاحب سے باہر بات کرتی ہوں اور جب میرے ساتھ انہوں نے باہر بات کی تو میں نے مولانا فضل الرحمان صاحب کو ملایا، اس نے کہا کہ اگر یکجہتی آتی ہے تو ہم تو جوڑنے والے لوگ ہیں، ہم شناخت چاہتے ہیں اور شناخت کیلئے آپ Convert کریں اور دوبارہ جب اجلاس ہوا تو پھر میں نے اپنی قرار داد پختونخوا میں Convert کی۔ میں آج اپوزیشن کا لیڈر ہوں، مجھے تھوڑا سا گلہ یہ ہے کہ اگر ہم جاکر مذاکرات اس پہ پنجاب کے تخت لاہور سے کروا سکتے ہیں اور ہم جاکر وہاں کہتے ہیں کہ ہم صوبہ سرحد کا نام آپ کی وجہ سے اور آپ کے بغیر تبدیل نہیں کر سکتے تو کم از کم میں محرک تھا اس پختونخوا کا، تو ہمیں بھی تھوڑا سا اس میں لے آتے کہ ابھی تھوڑی سی تبدیلی ہم لا رہے ہیں کیونکہ ایک صوبے کے دو نام نہیں ہو سکتے، صوبے کا ایک ہی نام ہوتا ہے، ابھی خیبر ہے اور پختونخوا ہے، جب لوگ بولتے بولتے تھک جائیں

گے تو پھر یہ خیبر ہو جائے گا اور جب خیبر ہو جائے گا تو پھر خیبر ایک درے کا نام ہے اور اگر درے کے لحاظ سے نام رکھنا ہے تو میرے بنوں میں درہ کرم ہے جو کہ پوری دنیا میں مشہور ہے، بہت بڑا درہ ہے۔ میرا ایک درہ خیسور ہے، میرا ایک درہ ہے جس کو وہاں پر ٹوچی درہ کہتے ہیں، وہاں پر شوال ہے جہاں پر شہداء نے خون بہایا ہے، تو اگر یہ کوئی مفاہمت والی بات تھی، ضد والی بات نہیں تھی کہ اس پختونخوا کا نام صرف پختونوں کے مزاج کے مطابق نہ بنادیں، میرے خیال میں اگر ضد والی بات نہیں تھی تو دو نام اگر ہم دے سکتے تھے تو دو نام ہم اس طرح بھی دے سکتے تھے کہ اس پہ ہم ہزارہ کو بھی خوش کر سکتے تھے۔ (تالیاں) یہ میرے علم میں نہیں ہے کہ اگر نواز شریف صاحب کی مجبوری تھی تو پھر وہ ہزارہ کا خیال رکھتے اور کوئی ادھر کا نام اس کے ساتھ جوڑتے اور اگر پختونوں کے ساتھ ان کی اس طرح بات نہیں تھی تو صرف پختونخوا ہی ٹھیک ہوتا اور اگر کوئی اعتراض تھا، جب یہاں پر قرار داد پاس ہو رہی تھی، اس وقت یہاں پر مسلم لیگ (ن) کا چیف منسٹر تھا، اس کے سامنے یہ قرار داد پاس ہوئی تھی، پیر صاحب بھی ہمارے ایم پی اے تھے، سردار مہتاب صاحب ہمارے چیف منسٹر تھے اور اس وقت جب قرار داد پاس ہوئی، ابھی آپ لوگوں کی گورنمنٹ ہے اگر میں ہزار کوشش بھی کروں اور آپ کی رضامندی شامل نہ ہو تو میں اس قرار داد کو پاس نہیں کر سکتا، اگر اس وقت اس پختونخوا پہ رضامندی تھی تو آج میرا نام کیوں تبدیل کیا گیا؟ اور اگر مفاہمت کیلئے تھا تو پھر مفاہمت کیلئے دو نام ہو سکتے تھے، پھر ہزارہ بھی ہو سکتا تھا اور پختونخوا بھی ہو سکتا تھا، اس پہ تو کوئی بات نہیں لیکن یہ منطق ابھی تک میں نہیں سمجھ سکا کہ اس میں کیا ہے؟ اس کے بعد دوسری اہم بات یہاں پر جو نمایاں ہے، وہ ہے بجلی کا منافع جو بجٹ کا حصہ ہے۔ ثالثی ٹریبونل میں، میں چیف منسٹر تھا، ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی اور یہاں پر جب ثالثی ٹریبونل میں نے بنایا، سب سیاسی پارٹیوں کا ایک جرگہ بنایا تھا اور اس جرگے میں ساری سیاسی پارٹیاں تھیں اور ان سے مشورہ کرتے تھے، اسلام آباد میں بھی اور ادھر بھی، اور جب ہم ثالثی ٹریبونل کے متفقہ فیصلے پہ پہنچے تو اس وقت ایک سو دس ارب روپے کا فیصلہ ہوا کہ یہ بقایاجات دینے ہیں۔ یہاں پر وہ حضرات ابھی نہیں ہیں جو مجھے کہہ رہے تھے کہ ہماری حکومت آئے گی تو ہم نہیں مانیں گے، بشیر بلور صاحب کہتے تھے کہ جب ہماری حکومت ہو گی تو ہم نہیں مانیں گے، پیپلز پارٹی کے عبدالاکبر خان اٹھتے اور کہتے تھے کہ یہ ہم نہیں مانیں گے۔ یہ منطق مجھے معلوم نہیں کہ جب اس وقت فیصلہ ہو رہا تھا تو ان کو قابل قبول نہیں تھا اور آج ڈھنڈورا پٹوایا جا رہا ہے کہ ہم نے بہت بڑا کام کیا کہ اس صوبے کو ہم ایک سو دس ارب روپے لائے ہیں (تالیاں) ایک سو دس ارب روپے اس وقت

سب جماعتوں نے، میں اس وقت وہاں پر جاکر آفتاب شیر پاؤ صاحب جو بجلی کے منسٹر تھے، ان سے بھی ملا تھا، انہوں نے بھی ہمارا ساتھ دیا تھا پیسے دینے میں، چونکہ ایک سو دس ارب روپیہ آنا ہے، مجھے خوشی ہے کہ اس بجٹ کا زیادہ حصہ، بالکل آپ یقین کی حد تک دیکھیں، جو کہ پچیس ارب روپے آئیں گے، اس میں ہمارا بھی کوئی کردار ہے اور انشاء اللہ میں آج خوش ہوں کہ میرا وہ فیصلہ، جب چیف منسٹر صاحب نے این ایف سی اجلاس بلایا تو میں نے کہا کہ ایک اسٹامپ پہ ہم نے دستخط کرنے تھے، سکندر خان بھی تھا ثالثی ٹریبونل میں، اس کا فیصلہ درست تھا جو کہ میں نے بھی کیا، سکندر خان نے بھی کیا اور باقی پارٹیوں نے بھی کیا۔ یہ اس وقت کی ہماری کوشش تھی، اب بھی ہماری کوشش ہے، ہم بھی ساتھ ہیں۔ جو سن 90ء سے پہلے ہمارے کچھ بقایاجات ہیں، اس پہ میں وہ خط ایوان میں نہیں لانا چاہتا ہوں، کسی نے خط لکھا ہے جو کہ میرے پاس ہے اور وہ دستخط بھی میرے پاس ہیں لیکن میں اس ایوان کے سامنے ایک پختون کی حیثیت سے اقرار کرتا ہوں کہ اگر سن 90ء سے لیکر ابھی تک لڑنے کیلئے تیار ہیں تو ہم سب سے آگے ہونگے کہ وہ حق بھی ہم حاصل کریں۔ (تالیاں) ہمارا وہ بس تھا، ان کی ابھی حکومت ہے، مرکز میں بھی، اسی طرح ایک خاص 'اماؤنٹ' جو ملاکنڈ تھری کے یہاں پر ایک ارب روپے رکھے گئے ہیں، اس کا سنگ بنیاد بھی میں نے رکھا اور خدا کے فضل سے افتتاح بھی میں نے کیا اور اس صوبے کو ایک ارب جو مل رہے ہیں، ایک سو دس کے ساتھ ایک سو گیارہ ہو سکتے ہیں تو اس میں بھی تھوڑا ہمارا ہی کردار ہے۔ میں حکومت کو یہ Suggestion دونگا کہ ملاکنڈ میں غربت ہے، ملاکنڈ میں پسماندگی ہے، وہاں پر غربت کی انتہا ہے، میں نے دس میگاواٹ بجلی کا، اکیاسی میگاواٹ میں سے فیصلہ کیا تھا کہ ہم انڈسٹریز کیلئے اسی ریٹ پہ دیں گے جو ایک روپے کی پیداوار ہے۔ میں آج ملاکنڈ عوام کی طرف سے گزارش کرتا ہوں کیونکہ انڈسٹری وہاں پر بنے گی تو غربت کا خاتمہ ہوگا، دس میگاواٹ بجلی آپ کارخانہ داروں کیلئے جو ایک روپے پہ نکلتی ہے یا ڈیڑھ روپے پہ، اسی پہ دے دیں کہ ملاکنڈ میں کارخانے لگیں اور جو میرے، وہاں پر اس وقت کا حکم نامہ سمجھیں، اس پہ عمل ہو۔ ابھی میری ایک اور گزارش ہے کہ یہ جو پیسے آرہے ہیں ہائیڈل کے، میں نے کافی 'فیزیبلٹی' بنائی ہے وہ اس مالاکنڈ سے بھی زیادہ فائدہ مند ہے۔ میں صرف گورنمنٹ کو تجویز دے سکتا ہوں کہ ابھی دس ارب روپے آئے ہیں، پچیس ارب روپے آرہے ہیں، آپ صرف اور صرف پیداواری منصوبے شامل کریں، شروع کریں کہ ہم کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلائیں گے۔ کوہاٹ، کرک میں آج وہاں سے گیس اور تیل نکل رہا ہے اور نو ارب روپے جو ہیں آپ کے اس اے ڈی پی میں آئل اور گیس

کے کرک اور کوہاٹ سے ہیں، اس میں بھی ہماری تھوڑی سی خدمات ہیں، آپ لوگ اس کو مت بھولیں اور انشاء اللہ یہ نو ارب روپے بھی ہماری کوششوں کی وجہ سے وہاں پر آئے ہیں۔ دوسرا یہ کہ اس وقت میں نے کوہاٹ اور کرک کیلئے جہاں سے تیل اور گیس کی پیداوار ہے، اس میں سے پانچ فیصد رائلٹی ان اضلاع کو دی اور جب یہاں سے جو اس وقت اپوزیشن والے تھے، وہ کرک جاتے تھے تو وہ کرک میں کہتے تھے کہ یہ تو بہت کم ہے، جب ہماری حکومت آئے گی تو ہم اس کو بیس فیصد کرینگے، انہوں نے کچھ بھی نہیں کیا۔ اس طرح بجلی پہ، جہاں سے پیداوار ہے، ہم نے پانچ فیصد رائلٹی بجلی پہ بھی دی ہے اور ہمارے سات اضلاع ہیں جہاں سے تمباکو کی پیداوار ہے، اس پہ پانچ فیصد دی ہے۔ ابھی میری گورنمنٹ سے گزارش ہے کہ چونکہ این ایف سی میں کافی رقم آئی ہے اور کافی بڑی 'اماؤنٹ' ہے، اس میں پلیز جہاں سے تمباکو کی پیداوار ہے، سات اضلاع سے بجلی کی پیداوار ہے، جہاں سے آئل اور گیس کی پیداوار ہے، کم از کم پانچ روپے تو آپ بھی ڈالیں کہ دس روپے ہو جائیں، وہاں پر ان مظلوم علاقوں کو جہاں سے یہ پیداوار ہے اور میرے خیال میں یہ وعدہ بھی تھا۔ یہاں پر پشاور کی ایک بات ہوتی ہے، پشاور ہمارا شہر ہے، یہ ہمارا دارالخلافہ ہے، اس کو جتنا بھی خوبصورت بنایا جائے میرے خیال میں یہ کم ہوگا، کہ لوگ آئیں گے اور ہمارا دارالخلافہ دیکھیں گے لیکن 294 ارب روپے کے بجٹ میں صرف ایک ارب روپے پشاور کیلئے رکھے گئے ہیں اور اس میں دو 'فلائی اوور' تھے۔ یہاں پر ایک 'فلائی اوور' کا میں نے افتتاح کیا تھا اور دو 'فلائی اوور' اور تھے، یہاں پر، اس پہ میں نے اپنے بزرگ مفتی محمود صاحب کا نام رکھ لیا تھا، اس نام کی وجہ سے اس وقت اس پر کام شروع نہیں ہوا اور میں نے یہاں پر جب اسمبلی اجلاس میں یہ بات اٹھا کر کہ یہ نام کیوں تبدیل کیا گیا اور اس کو کیوں واپس کیا گیا؟ تو یہاں پر ریکارڈ آپ نکالیں کہ سیکورٹی 'رسک' ہے، یہاں پر اگر ہم بڑا پل بنائیں گے تو نیچے اسمبلی میں گولی آئے گی۔ آج سیکورٹی 'رسک' نہیں ہے، آج وہ مارٹر گولے ادھر نہیں آسکتے؟ تو اس وقت میں سمجھا کہ یہ صرف اور صرف مفتی محمود کے نام کی وجہ سے دو سال کیلئے موخر کیا گیا۔ یہ مفتی محمود کے نام سے زیادتی نہیں، یہ میری جماعت سے زیادتی نہیں، یہ پشاور کے شہریوں اور صوبہ سرحد اور چارسدہ کے عوام سے زیادتی ہے۔ آج یہ پل بن جاتا اگر اس وقت کام شروع ہوتا۔ اس طرح یہاں پر جب ہاؤس میں بات ہوتی ہے تو ہم اس پر ضرور یقین کرتے ہیں۔ اگر چیف منسٹر یہاں پر ہاؤس میں اٹھ کر، وہ ہماری عزت ہے، آپ کی کرسی ہماری عزت اور پورے صوبے کی آن بھی ہے اور شان بھی ہے، اگر اس کرسی سے کچھ ایسی بات ہو، میں نام کا بھوکا آدمی نہیں ہوں، ہم نے نیچے لیول پہ کام کر کے نام

پیدا کیئے ہیں اور انشاء اللہ ایسے کام کیئے ہیں کہ قیامت تک یاد رہیں گے۔ نام کے بھوکے ہم نہیں ہیں لیکن پشاور میڈیا کالونی، میں نے اس دن کہا تھا کہ اگر میرے نام کی وجہ سے پشاور میڈیا کی جو کالونی ہے، آپ اس کور کوار ہے ہیں، میرا نام اس کالونی سے کاٹ دیں لیکن خدا کیلئے ان صحافیوں کے ساتھ ظلم نہ کریں (تالیاں) اور چیف منسٹر نے، یہاں پر ریکارڈ نکالیں، کہا کہ درانی تو خود بھی بڑا قابل احترام ہے اس کا نام بھی سر آنکھوں پر، میں احکامات جاری کرتا ہوں کہ اس کا نام درانی میڈیا کالونی ہوگا۔ آج اے ڈی پی کی کتاب آپ دیکھیں، چیف منسٹر کے احکامات کدھر گئے؟ آج اس اے ڈی پی میں پھر پشاور میڈیا کالونی ہے، اس ایوان پر اعتماد کس طرح ہوگا لیکن مجھے صرف اس پر افسوس نہیں ہے کیونکہ یہ عوامی نمائندوں کا بجٹ نہیں ہے، یہ بیوروکریٹس نے بنایا ہے، انہوں نے دیکھا بھی نہیں ہے جو ہمارے لوگ وہاں پر بیٹھتے ہیں کہ اس میں درانی کا نام یا پشاور کا نام ہے تو پھر وہ اپنے چیف منسٹر صاحب کا خیال کس طرح رکھ سکتے تھے؟ ابھی بات آتی ہے، میں دوبارہ ریکویسٹ کرونگا اس ہاؤس سے حکومت کو کہ وہاں پر پشاور میں جو ہماری میڈیا کالونی ہے، اس کیلئے جو ٹوٹل اخراجات ہیں، ایک سو پینتیس ملین روپے رکھے گئے ہیں اور اس کیلئے اس سال نوے ملین روپے رکھے گئے ہیں، یہ تو کوئی دس سالوں کا منصوبہ نہیں ہے، یہ تو ایک چھوٹی سی کالونی ہے۔ خدا کیلئے یہ نوے کی بجائے ایک سو پینتیس کر لیں کہ یہ منصوبہ شروع بھی ہو اور اس پر کام بھی ہو۔ ابھی مردان میں جو کالونی ہے، میں Appreciate کرتا ہوں وہاں پر بھی ہونی چاہیئے، کوہاٹ میں بھی ہونی چاہیئے، دوسری جگہوں پر بھی ہونی چاہیئے لیکن مردان کی کالونی کیلئے جتنے بھی پیسے ہوں، مکمل رکھے گئے ہیں۔ اس میں ایک پیسے کی بھی کمی نہیں ہے تو اس لئے میں کہتا ہوں کہ پشاور کی میڈیا کالونی کے پیسے بھی پورے رکھے جائیں اور جس وقت ہم فیصلہ کر رہے تھے، اس وقت ریگی میں دس مرلے کا جو پلاٹ تھا، وہ ایک لاکھ ستر ہزار روپے پر تھا اور آج صحافیوں کو جس ریٹ پر دیا جارہا ہے، دو لاکھ پچاس ہزار پر دس مرلے صحافیوں کو دیا جارہا ہے۔ صحافی کے پاس دو لاکھ پچاس ہزار کدھر ہیں؟ وہ تو پانچ پانچ، دس دس ہزار میں جمع کرینگے۔ ابھی حکمنامہ جاری کیا گیا ہے کہ اگر آپ لوگوں نے پچاس ہزار روپے اس تاریخ تک جمع نہیں کیئے تو آپ کا نام نکل جائے گا اور آپ کا کالونی میں کوئی نام ونشان نہیں ہوگا۔ ابھی صحافیوں کو کیوں مجبور کرتے ہیں کہ وہ بھی باہر نکلیں اور کسی بڑے آدمی کو اغواء کریں اور پیسے جمع کریں؟ (تالیاں) اس کے علاوہ صحافیوں کے پاس میرے خیال میں کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے کہ وہ بیچارے بھی تھوڑے سے حیات آباد کے تہہ خانے میں کسی کو رکھیں گے اور پھر اسے نکال کر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: درانی صاحب نے بڑا اچھا اور آسان راستہ دکھا دیا آپ کو۔

سید محمد صابر شاہ: اللہ کرے کہ سن 90ء کی بنیاد پر نہ ہو۔

(قہقہے)

قائد حزب اختلاف: ابھی میں آتا ہوں جی، آپ تعمیر کرینگے، آپ ڈویلپمنٹ کرینگے، آپ یہاں پر خوشحالی اور امن سے ہیں جی، امن کے بغیر خوشحالی نہیں آسکتی اور آج اس صوبے میں آپ پولیس کا کردار دیکھیں، میرے خیال میں وہ جان پر کھیل رہے ہیں، آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر موت کو گلے لگا رہے ہیں اور آج صرف پولیس کی ڈویلپمنٹ کیلئے ٹوٹل اکیس ارب روپے رکھے گئے ہیں جس میں سترہ ارب چھیاسٹھ کروڑ پچانوے لاکھ اٹھائیس ہزار صرف 'سیلری' ہے اور اس کی ڈویلپمنٹ کیلئے تین ارب سینتیس کروڑ روپے ہیں۔ ابھی ان تباہ شدہ تھانوں کو آپ دیکھیں، ابھی ان چیک پوسٹوں کو آپ دیکھیں، ان ضروری ساز و سامان کو دیکھیں، اس تین ارب روپے میں پولیس کا کیا ہوگا جی کہ وہ دوبارہ؟ اور جی، میں چونکہ عوامی آدمی ہوں، پولیس اس صوبے کی آج کل سخت ناراض ہے، پچاس فیصد تنخواہ سب محکموں کو دی گئی ہے لیکن پولیس کو لکھا گیا ہے کہ پولیس اس پچاس فیصد تنخواہ سے باہر ہے کیونکہ اس کی تنخواہ میں پہلے اضافہ کیا گیا ہے۔ اگر آپ اس کو آگے لے جانے کیلئے تیار کرتے ہیں، میں سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے بڑے ادب کیساتھ گورنمنٹ سے التجاء کرتا ہوں کہ ہماری پولیس کو مایوسی سے بچائیں اور جو پچاس فیصد آپ پورے ملازمین کو دے رہے ہیں وہ پولیس کو بھی دیں کیونکہ غریب لوگ ہیں (تالیاں) اور آپ حساب کریں، وہ پوری تنخواہ پہ نہیں ہے وہ Basic pay پہ ہے اور Basic pay ایک پولیس سپاہی کی صرف تین ہزار ہے۔ اگر اس میں پچاس فیصد اور ہوگا تو ڈیڑھ ہزار اضافہ ہوگا یا ایک ہزار روپے ہوگا، تو میں ایک بار پھر گزارش کرتا ہوں کہ اس پر دوبارہ نظر ثانی کر لیں اور ساری پولیس کو اس مایوسی سے بچائیں اور یہ بھی میں آپ کو بتا دوں کہ جو عام ملازمین کو پچاس فیصد اضافہ ہوا ہے، ایک سو بیس فیصد مہنگائی ریکارڈ کی گئی ہے کہ مہنگائی کی جو شرح ہے وہ ایک سو بیس فیصد ہے۔ اگر ہم ملازمین کو ایک سو بیس نہیں دے سکتے تو کم از کم پورے صوبے کے ملازمین کو سو روپے اضافہ تو ضرور ہونا چاہیئے کہ وہ استحکام سے اپنے کام چلا سکیں اور اس صوبے کی خدمت کر سکیں۔ سو فیصد کم از کم بڑھانا چاہیئے لیکن پولیس کو اس میں، میں دوبارہ گزارش کرونگا بڑے ادب کے ساتھ کہ منسٹروں کی تنخواہوں میں کمی کی گئی ہے، اچھی بات ہے لیکن منسٹر کی

تنخواہ اٹھارہ ہزار روپے ہے اور اس میں آپ بیس فیصد نکالیں تو نو سو روپے کی بچت ہے ایک ماہ میں، نو سو روپے بیس فیصد۔۔۔۔۔

(شور)

ایک آواز: پچیس سو۔

قائد حزب اختلاف: چھبیس سو، میں آپ کو بتادوں کہ اسی اسمبلی میں ایک کمرے پہ ایک کروڑ چونسٹھ لاکھ روپے خرچ ہوئے ہیں، اسی اسمبلی کے اندر۔ میری رپورٹ غلط نہیں ہوگی، اسی اسمبلی میں، ہم تو ڈیڑھ کروڑ پہ گھر بناتے ہیں، بہت بڑا بنگلہ بناتے ہیں لیکن یہاں پر ایک کمرہ تعمیر کیا گیا ہے، جو میری رپورٹ میں ہے، آپ خود کوئی کمیٹی بنا کر اس کو دیکھیں کہ میں سچ کہہ رہا ہوں یا میری بات غلط ہے، اگر میری بات غلط ہو تو پھر میں معافی بھی مانگونگا لیکن ایک خاص ذریعے سے جو مجھے اطلاع آئی ہے، وہ یہ ہے۔ اس میں آپ ضرور بات کرلیں کہ یہ کس طرح کمرہ ہے کہ ایک کروڑ چونسٹھ لاکھ میں بنتا ہے؟ اگر کوئی 'بلٹ پروف ' کمرہ ہو تو پھر میرے خیال میں اس پہ اخراجات ہو سکتے ہیں، اس کے علاوہ تو میری نظر میں کچھ نہیں ہے کہ اس پہ اتنا خرچہ ہوا ہو۔ ابھی میں آتا ہوں بجٹ کے دوسرے حصے پہ۔ سپیکر صاحب سے میں گزارش بھی کرونگا کہ مجھے بیس منٹ نہ دیں، مجھے بولنے کا مکمل وقت دیں۔ میں تجویز دونگا کہ ہمارے صوبے میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اکرم خان درانی صاحب! آپ کے بجٹ کا جو وقت تھا وہ آپ اٹھارھویں ترمیم پر خرچ کر چکے ہیں، آپ بولیں، بالکل بولیں، میری آپ کو بالکل اجازت ہے جی، لیکن ذرا Limited، ذرا اپنے بھائیوں کا بھی خیال رکھیں جو اتنی قطار میں بیٹھے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: مہربانی، بھائی میرے ساتھ گزارہ کرتے ہیں، میں ان سے گزارش کرونگا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک سو چوبیس کے ایک سو چوبیس بولنا چاہ رہے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: اچھا جی۔ اب یہ ہماری زراعت ہے، زراعت بنیاد ہے، اس صوبے کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ اس میں مجھے خوشی ہے اور میں Appreciate کرتا ہوں کہ کوآپریٹیو بینک بحال ہوا، بہت بڑا کام ہے، ہونا چاہیئے لیکن اس کیلئے جو ایک ارب روپے رکھے ہیں یہ ناکافی ہیں، دو ارب تو کم از کم ہونے چاہیئے کوآپریٹیو بینک کو چالو کرنے کیلئے اور مہینے کے بعد اس پر عمل بھی شروع ہونا چاہیئے۔ اصل میں زراعت میں جو بیج ہے، اگر آپ صحیح بیج زمینداروں کو دیں تو وہاں پر اس سے اچھی فصل آئے گی۔ آپ کھاد سستے

ریٹوں پر دیں تو وہاں پر اس سے خوشحالی آئے گی۔آپ وہاں پر نالے بنائیں، جو پانی ضائع ہو رہا ہے، اس سے بچت آئے گی، تو اسی پہ بھی میری گزارش ہے کہ ابھی جو کچھ ہوا ہے، اچھا ہے لیکن اس کی مزید بہتری کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے کہ زراعت کو ہم اور بھی اہمیت دیں اور لائیو سٹاک کو بھی اہمیت دیں کیونکہ کھیتی باڑی اور زراعت پر ہمارا گزارہ ہے۔ اسی طرح صوبہ پختونخوا کی چو نتیس ووکیشنل انسٹی ٹیوٹس ہیں، نئے بھی بنائے گئے ہیں۔اس پر ہم نے دیکھنا ہے کہ جو پرانے ہمارے انسٹی ٹیوٹس ہیں، ان میں مشینری کتنی ہے، ان میں ہنر مند لوگ کتنے ہیں، اساتذہ کتنے ہیں؟ اگر ہم وہاں پر اس کو ٹھیک کرلیں تو ہمارے لوگ جو باہر جاتے ہیں، وہ وہاں سے بہت زیادہ کچھ کمائیں گے اور انشاء اللہ اس سے خوشحالی آئے گی۔ وسائل اور آمدن کی بات ہوتی ہے، میں ہمیشہ وسائل اور آمدن پر بات کرتا ہوں کہ وسائل کس طرح بنتے ہیں؟ ایک تو یہ ہے جی کہ یہاں پر ہمارا صوبہ جو ہے، یہ بالکل War کی شکل میں ہے اور موجودہ وقت میں پورے افغانستان اور پورے فرنٹیئر، پختونخوا، 'سوری' پختونخوا پر فوکس ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ ایک تجارتی عالمی منڈی ہے اور یہاں پر لوگ آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہماری تباہی کے منصوبے بناتے ہیں، خواہ افغانستان ہو یا پختونخوا ہو، وہ صرف یہاں پر آکر قبضہ جمانا چاہتے ہیں۔اس پر میں نے ایک کام شروع کیا تھا اور اس وقت فیڈرل گورنمنٹ سے ہم نے چترال ٹنل پر کام شروع کیا، افتتاح کیلئے میں بھی پریزیڈنٹ کے ساتھ گیا۔اس کے بعد ہماری دوسری فیزبیلٹی بنی اور وہ یہ کہ میں نے جاپان کے Ambassador سے مل کر، بیٹھ کر اس کی 'کمٹمنٹ' لی کہ ہم ملاکنڈ ٹنل بنائیں گے اور ملاکنڈ ٹنل کا کوئی ذکر یہاں پر بجٹ میں بھی نہیں کیا گیا اور میرے خیال میں اے ڈی پی میں بھی نہیں ہے۔ میں تو یہی گزارش کرونگا کہ ملاکنڈ ٹنل کو بھی شامل کریں اور اگر آپ آسانی کیلئے راستے بناتے ہیں تو پھر اس کے بعد ہمارا پروگرام تھا، پرائم منسٹر کے پاس میں گیا، افغانستان کے ساتھ تجارت کے صرف دو راستے ہیں، ایک ہمارا تورخم اور ایک ہے چمن، میں نے کوشش کی جمالی صاحب کے ساتھ، شوکت عزیز صاحب کے ساتھ، اس وقت وہ فنانس منسٹر تھے اور میں نے ایک الگ راستہ دیا جو بنوں سے شروع ہوتا ہے غلام خان اور غلام خان سے پھر افغانستان، تو پھر جمالی صاحب گئے، ایگریمنٹ بھی وہاں پر ہوا اور افغانستان کی گورنمنٹ نے اس راستے پر کام بھی شروع کیا ہے۔ اگر ہماری گورنمنٹ بھی ادھر بنوں سے لیکر غلام خان تک یہ راستہ بنائے تو پنجاب کا وہ حصہ جو Back ward ہے، ڈیرہ غازی خان ہے، بھکر ہے، میانوالی ہے، ڈی آئی خان ہے، لکی مروت ہے، بنوں ہے، یہ تجارتی منڈی بن جائے گی اور وہاں پر خوشحالی آئے گی اور وہاں جو بے روزگاری ہے وہ ختم ہو جائے

گی۔اس طرح ہمارا دوسرا راستہ جو ہے، جو کہ بڑا اہم ہے وہ ہے چترال سے آگے، سلیم خان نہیں ہے، غلام محمد صاحب بیٹھے ہیں، اگر آپ دیکھیں تو لواری ٹنل کے بعد ایک پروگرام تھا کہ وہاں پر ایک جگہ ہے جس کو دروازہ کہتے ہیں، وہ سولہ کلو میٹر تقریباً تاجکستان سے ہے، اگر ہم دروازے سے روڈ شروع کریں تو سولہ کلو میٹر میں ہم تاجکستان کو چترال کے ساتھ ملادیں گے اور یہ ایک تجارتی راستہ ہو جائے گا جس سے چترال کی اور اس پورے ملاکنڈ کی جو محرومیاں ہیں یہ ختم ہو جائیں گی، یہ بھی میں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں۔ اس طرح میں نے، جب باہر سے لوگ آتے تھے کہ یہاں پر دہشت گردی کا خاتمہ کیسے ہوگا؟ اس کو ہم کہتے تھے کہ تعلیم سے، صحت کی سہولت سے اور روزگار سے، تو پھر میں نے بین الاقوامی اداروں کو امادہ کیا کہ آپ فاٹا میں ایک اکنامک زون شروع کریں جو فری زون ہو اور یہاں سے سامان جو ہے وہ کم از کم باہر کی منڈیوں میں جائے تو اس کیلئے بھی، میرے پاس مواد بھی موجود ہے، اگر اس اکنامک زون پر کام شروع کیا جائے تو میرے خیال میں اس سے بہتری آسکتی ہے۔اس طرح اگر آپ دیکھیں تو تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی اور تعلیم جو ہے یہ بنیاد ہے لیکن یہاں پر پراونشل گورنمنٹ نے پرائمری، مڈل، ہائی سکول اور ہائر سیکنڈری کیلئے تو بڑا اچھا ایک Proposal، خدا کرے کہ یہ صحیح ہو، اس کیلئے جو ایلو کیشن ہے وہ کار آمد ہو سکے لیکن یہاں پر بنیاد جو ہے جی وہ اعلیٰ تعلیم کی ہے، جب آپ کالج سے فارغ ہوں گے تو آپ یونیورسٹی جائیں گے۔ابھی ہائر ایجوکیشن کمیشن نے وہاں پر کٹ لگایا اور یونیورسٹیوں کے سات ارب روپے مزید کم کئے پورے ملک کے اور آپ کے صوبے میں پبلک سیکٹر میں پندرہ یونیورسٹیاں ہیں یہاں پر پختونخوا میں، اور نو جو ہیں وہ بالکل نئی یونیورسٹیاں ہیں۔ ان میں کوہاٹ یونیورسٹی ہے، بنوں یونیورسٹی ہے، پشاور میڈیکل یونیورسٹی ہے، پشاور خواتین یونیورسٹی ہے، ملاکنڈ یونیورسٹی ہے اور اس طرح ہزارہ یونیورسٹی ہے اور آج دو نئی بن گئیں، ایک ہے مردان یونیورسٹی، ہمارے بزرگ کے نام پر، ایک ہے سوات اسلامک یونیورسٹی۔ اس پر تو مجھے خوشی بھی ہے اور میں اس اقدام کو سراہتا بھی ہوں کہ صرف مردان یونیورسٹی کیلئے اور سوات یونیورسٹی کیلئے پراونشل گورنمنٹ سے فنڈز دیئے گئے ہیں۔ بہت اچھا کام ہے، ہم نے دینے ہیں لیکن ابھی چونکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے، بشیر بلور صاحب! آپ سنیں میری تجویز کو، باقی ماننا آپ لوگوں کا کام ہے اور میں عبدالاکبر سے بھی گزارش کرونگا کہ میرے خیال میں حساب کتاب میں آپ ویسے بھی تکڑے ہیں اور حساب کتاب آپ کرواسکتے ہیں، تو آپ کے ذریعے میں اس کو بھی تھوڑا متوجہ کرتا ہوں، بڑی اہم بات ہے، وہ یہ ہے کہ پرائم منسٹر صاحب سے پورے پاکستان کے وائس چانسلرز

نے ایک ملاقات کی اور اس ملاقات میں وزیر اعظم صاحب نے اس کو یقین دہانی کرائی کہ ہم ہائر ایجوکیشن کمیشن کا جو وہاں پر بجٹ ہے، اس میں تیس فیصد اضافہ کریں گے، تیس فیصد اضافے کے بعد اس پر سات ارب کٹ لگایا۔ ابھی این ایف سی کے بعد ہائر ایجوکیشن کمیشن آپ کو دوبارہ اتنی 'اماؤنٹ' نہیں دے گی۔ آپ نے پراونشل گورنمنٹ کے ریسورسز سے ہی ان یونیورسٹیوں کو چلانا ہے، اگر آپ ان یونیورسٹیوں کو فنڈز نہیں دیں گے، دو سال کے بعد اگر ہم زندہ ہیں، آپ کی کوہاٹ یونیورسٹی بند ہو جائے گی، آپ کی بنوں یونیورسٹی بند ہو جائے گی، آپ کی خواتین پشاور یونیورسٹی بند ہو جائے گی، آپ کی مردان یونیورسٹی بند ہو جائے گی، آپ کی ہزارہ یونیورسٹی بند ہو جائے گی اور آپ کی ملاکنڈ یونیورسٹی بند ہو جائے گی۔ میری درخواست ہے کہ صوبائی گورنمنٹ پورے صوبے کے وائس چانسلرز کو بلا کر اور ان کے ساتھ ایک میٹنگ کر لیں اور ان کو سن لیں اور اپنی استطاعت کے مطابق پھر ہر ایک یونیورسٹی کو جتنا بھی آپ دے سکتے ہیں۔ یہ میری تجویز ہے آپ کے سامنے، آپ ان کو بلاتے ہیں یا نہیں بلاتے لیکن ہماری ایک گزارش ہے، ہمارا ایک حق بنتا ہے کہ ہم آپ کے سامنے ایک اپوزیشن کی حیثیت سے اور اس صوبے کے حوالے سے اپنی گزارشات رکھیں۔ ابھی آتے ہیں ملاکنڈ کی آبادکاری پر، ملاکنڈ ڈویژن کی آبادکاری ایک اہم مرحلہ ہے اور آپ یقین جانیئے کہ وہاں پر لوگوں کو جو تکلیف ہوئی ہے، وہ نہ بھولنے والی ہے اور نہ بھول سکتے ہیں پورے لوگ۔ اس میں ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں کہا کہ صوبائی حکومت نے 3.2 بلین روپے امدادی سرگرمیوں پر خرچ کئے ہیں لیکن انہوں نے کسی بھی دستاویز میں اس خرچ شدہ رقم کی مدت اور اسکی تفصیل ایوان کے سامنے نہیں بتائی۔ میں چاہونگا کہ پورے ایوان کے سامنے 3.2 بلین کی جو رقم خرچ ہوئی ہے، اس ایوان کو اعتماد میں لیا جائے کہ یہ کس طرح خرچ ہوئی ہے؟ دوسری بات، انہوں نے کہا کہ اس طرح مزید 2.9 بلین خرچ کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے، ارادہ ہے، فنڈ کدھر سے ہے، ارادے تو ہمارے بھی ہیں، تبلیغ والے بھی آتے ہیں، ہم اس کو کہتے ہیں کہ ہمارا ارادہ ہے، انشاء اللہ جائیں گے لیکن پھر بعد میں ہم نہیں جاتے، تو شاید یہ اس طرح نہ ہو کہ صرف ارادہ ہو اور اسکی کوئی وہ نہیں ہے۔ بجٹ تقریر میں مزید کہا گیا ہے کہ ایک 1.8 بلین روپے دہشتگردی، قدرتی آفات کے متاثرین پر خرچ کئے گئے ہیں، میں چاہونگا کہ اس کی تفصیل بھی پورے ایوان کے سامنے ہو کہ کہاں پر خرچ ہوئے ہیں اور کس کام پر خرچ ہوئے ہیں؟ ابھی آتے ہیں کہ جو وہاں پر سوات کے لوگوں کا 'نفاذ عدل' کا منصوبہ میں Appreciate کرتا ہوں۔ اس میں کہا گیا ہے کہ پوسٹیں بھی ہیں، سب کچھ مکمل ہے، ابھی دیر کس کی ہے؟

خدا کیلئے کل سے، پرسوں سے وہ شروع کریں۔ اس کیلئے پیسے بھی رکھے گئے ہیں، پوسٹیں بھی منظور ہوئی ہیں، وہاں پر نفاذ عدل شروع کریں اور اس کے ساتھ ساتھ ایک گزارش میں اور بھی کرونگا۔ یہاں پر ہم نے دو سرکٹ بنچز بنائی تھیں، ایک سوات کیلئے اور ایک بنوں کیلئے اور وہاں پر گورنر نے، چیف منسٹر نے اور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس نے دونوں Approve کی تھیں۔ اس میں ایک ہی شرط تھی کہ یہ دونوں ہائی کورٹ کی سرکٹ بنچز اس وقت ہم شروع کرینگے جب صوبہ سرحد کے ججوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ آج پریزیڈنٹ نے صوبہ سرحد کے ججوں کی تعداد میں اضافہ کیا ہے اور وہ اضافہ آج آپ کے سامنے ہے۔ خدا کیلئے لکی مروت، بنوں، کرک اور شمالی وزیرستان کے لوگوں کو مجبور نہ کریں کیونکہ وہ بچارے سارے ڈی آئی خان آتے ہیں، سرکٹ بنچ کیلئے پشاور آتے ہیں۔ ابھی وہ جو سارے قوانین بھی پورے ہیں، میں گزارش کرونگا کہ وہاں پر جب لوگ روڈوں پر نکلیں گے کہ ہماری سرکٹ بنچ پر ابھی کام شروع ہو، بنوں کی سرکٹ بنچ پر بھی، میں صوبائی گورنمنٹ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ ساری جو اس کیلئے ضرورتیں تھیں وہ مکمل ہیں، ابھی بنوں میں سرکٹ بنچ شروع کریں کہ بنوں کے لوگ پشاور نہ آئیں، کرک کے لوگ پشاور نہ آئیں، لکی مروت کے لوگ پشاور نہ آئیں اور وہاں پر شمالی وزیرستان کے لوگ اپیل کیلئے پشاور اور یہاں پر نہ آئیں، تو یہ بھی میں آپ کے سامنے ایک گزارش کرتا ہوں۔ ایک اور بات جی، یہ این ایف سی کا ایوارڈ ہوا، اٹھارھویں ترمیم پاس ہوئی، صدر صاحب کو بھی ہم نے صوبائی اسمبلی سے ووٹ دیئے، دوسری بار تو ہم نے پھر نہیں دیئے، پہلی بار (دیئے)، ابھی ممبران اسمبلی ہیں کہ وہ بجلی کے منافع کیلئے جب لڑتے ہیں یا وہ این ایف سی کیلئے لڑتے ہیں، مجھے تو بڑی امید تھی کہ اس بار 294 ارب روپے ہیں تو کم از کم ان معزز ممبران کی ایک ہی عزت ہے کہ وہ جب اپنے حلقے میں جاتے ہیں تو کہیں پر نالی کا اعلان کرتے ہیں، کہیں پر پل کا اعلان کرتے ہیں، کہیں پر لیٹرین کا اعلان کرتے ہیں تو کم از کم یہ پیسے میری نظر میں یہ تھے کہ اس بار چار کروڑ تو ضرور صوبائی اسمبلی کے ممبران کے پیسے ہونگے (تالیاں) جو آپ دے رہے ہیں لیکن میں نے جب دیکھا تو وہی پیسے ہیں جو صوبائی اسمبلی کے ممبران بچاروں کے پہلے تھے، ایک کروڑ اور کچھ سپیشل پیکیج بھی تھا، اس کیلئے پھر مہنگائی آپ دیکھیں، تو میری گزارش ہے کہ ممبران اسمبلی، چونکہ میں اپوزیشن سے تعلق رکھتا ہوں، کے پیسوں میں اضافہ کریں، باقی آپ مانتے ہیں یا نہیں مانتے۔ ایک وقت تھا بشیر بلور صاحب کو یاد ہوگا، عبدالاکبر خان کو بھی یاد ہوگا، جب پچاس لاکھ روپے تھے، جب میرے پاس آگئے تو میں نے ایک کروڑ کر دیئے ان کی گزارشات پر، (تالیاں) ایک وقت یہ بھی تھا، ابھی میں

سامنے رکھ رہا ہوں پورے اسمبلی کیلئے۔ ابھی یہ ہے کہ ہم نے، میرے خیال میں سب سے زیادہ 'اماؤنٹ' جو ملاکنڈ کیلئے مفروضے پر رکھی گئی ہے، میں اسکی ذرا تفصیل آپ کے سامنے رکھونگا کہ نو ارب روپے سے چھیاسی ارب روپے، جو تخمینہ لگایا گیا ہے ملاکنڈ کیلئے وہ چھیاسی ارب روپے، صوبائی گورنمنٹ نے ایک روپیہ بھی نہیں رکھا ہے، وہ مرکز اور باہر ڈونرز کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ ابھی اگر آپ دیکھیں تو ڈونرز ہمیں کس طرح امداد دینگے، جب ہماری یہاں پر رپورٹ اس طرح آتی ہے، 'ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل' کی جو موجودہ رپورٹ آئی ہے اس پر ابھی پوری دنیا اور میڈیا بات کر رہی ہے، ابھی ایک اور خط جو ایک انتہائی عجیب ساخط ہے وہ نشر ہوا ہے اور وہ خط کیری نے لکھا ہے، 'لوگر' بل کے حوالے سے، وہ ہالبروک ہے یا کیا نام ہے اس کا دوسرا؟ اس کو لکھا ہے کیری نے اور کانگرس میں یہ خط بھی گیا ہے اور پاکستان کے اخبارات کی زینت بھی بن چکا ہے کہ اگر یہ امداد ہم پاکستان کو دیں گے تو یہ وہاں پر جو حکمران ہیں، ان کی جیبوں میں جانے والی ہے اس پہ نظر ثانی کریں۔ یہ خط اخبارات کی زینت ہے، خط بھی ہے اور لکھا بھی گیا ہے، میں اس لئے نہیں کیونکہ ایک تو اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک نیا نام دیا جس پہ میں سب ممبران اسمبلی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، پختونخواہ، (تالیاں، مداخلت) اچھا ٹھیک ہے جی۔ پختونخواہ، اب میں نے، پختونخوا کے ساتھ، میں نے بھی بذات خود، مجھ میں بھی ہزار کمی ہوں گی، میں بھی انسان ہوں، ہم سب انسان ہیں، ہم میں سے کوئی بھی فرشتہ نہیں ہے لیکن اس نئی شناخت کے ساتھ جو پختونوں کا ایک نام ہے، اس کی ساتھ ہم عہد کریں کہ ماضی کو ہم بھولیں اور آج سے اس بجٹ میں دیانت داری کے ساتھ، ایمانداری کے ساتھ، فرض شناسی کے ساتھ اور ایک اچھی حکمرانی کے ساتھ آغاز کرلیں، ماضی کو ہم بھول جائیں اور آگے آئیں۔ میں تو آخر میں ایک شعر کے ساتھ کہ 'ہماری داستاں تک نہ ہوگی داستانوں میں'۔ آخر میں میں آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، میں نے جو بات کی ہے نیک نیتی سے کی ہے، میں نے کسی کی دل آزاری کیلئے نہیں کی ہے۔ اخلاقی طور پہ جو میرا ایک فرض بنتا ہے، اس صوبے کے حوالے سے میں نے آپ کے سامنے کچھ اپنی گزارشات رکھیں، میں پورے ادب سے معذرت خواہ بھی ہوں، اگر میری کوئی بات کسی کو اچھی نہیں لگی ہو لیکن میں نے ساری باتیں صرف اصلاح اور ایک نکتہ جو میرے ذہن میں تھا، آپ کے سامنے پیش کیا ہے۔ میں دوبارہ سپیکر صاحب! آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس پورے معزز ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ نوازش جی۔

جناب سپیکر: قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر، آپ نے مجھے اظہار خیال کرنے کا موقع دیا۔ جناب سپیکر میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: قلندر خان لودھی صاحب! آپ کی وساطت سے سارے ہاؤس سے کہتا ہوں کہ بجٹ تک محدود رکھیں اور اپنے ٹائم کا بھی خیال رکھیں۔ میرے معزز اپوزیشن لیڈر نے پورا ایک گھنٹہ لیا، اسی طریقے سے آپ لوگ پورا خیال رکھیں، یہ کمی آپ پورا کریں گے۔ تھینک یو جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: تھینک یو جناب سپیکر۔ مجھے معلوم ہے، احساس بھی ہے اور آپکے بڑے پن کا بھی احساس ہے، آپ جیسے، آپ کو اللہ تعالیٰ نے جان و جسم، شکل و صورت دی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو دل بھی بڑا دیا ہے۔ آپ ہمیں برداشت کریں گے، اس کا مجھے انشاءاللہ احساس ہے۔ جناب سپیکر، میں مشکور ہوں اپوزیشن لیڈر کا کہ دو ڈھائی سال، پونے دو سال، سوا دو سال میں کم از کم ایک دفعہ اس نے اپوزیشن لیڈر ہونے کا حق ادا کیا، میں اس کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ساتھ ہی انہوں نے میرے ہزارے والوں کی درد کو محسوس کیا اور میرے نالج میں بھی اضافہ کیا۔ میرا خیال تھا کہ پختونستان اے این پی کا نام ہے، مجھے آج پتہ چلا کہ پختونستان جمیعت کا نام تھا، اس کا نام پختونخوا تھا، بہر حال انہوں نے جو ہزارے کی بات کی کہ اس دن بھی میرے بھائی نے بات کی ہے، کوئی کنفیوژن میں بات ہو جاتی ہے، سمجھ نہیں آتی تو میں اس پر نہیں جاؤں گا لیکن یہ ہزارے کا جو مسئلہ ہے، وہ مسئلہ اس وقت انہیں پتہ تھا، ہر ایک کو پتہ تھا، لوگ اسمبلی میں بیٹھے ہوئے تھے، جب پاس ہوا اس وقت بھی ہزارے کے لوگ تھے، اسمبلی میں اس وقت بھی یہ چیز پاس ہوئی اور اس کے بعد پھر بعد بھی ان کو پتہ تھا لیکن جو پاس ہوا وہ پختونخوا پاس ہوا تھا۔ ٹھیک ہے وہ گیا۔۔۔۔۔

سید عاقل شاہ (وزیر ثقافت): جناب سپیکر، بجٹ پر بولیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: میں نے پرسنل، عاقل شاہ صاحب! آپ ذرا، میں سپیکر صاحب سے۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: (سید عاقل شاہ، وزیر ثقافت سے) جناب! وہ Personal explanation دے رہے ہیں، آپ چپ کر کے بیٹھیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: (سید عاقل شاہ، وزیر ثقافت سے) اس کے بعد، ابھی آپ لیٹ آئے ہیں، آپ کو پتہ نہیں کہ موضوع کیا چل رہا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دس منٹ ہیں، جس چیز پر بولنا چاہتے ہیں بول لیں، بس پھر میں 'آف' کرونگا۔

وزیرِثقافت: جناب سپیکر، بجٹ خو پاس شوے نہ دے ،بجٹ پر بات کریں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، اس پر جو بات ہوئی، وہ ایسا ہے کہ آئینی ترمیم جو تھی وہ چل رہی تھی، 1973 کے آئین پر تھی، اس میں پختونخوا کی جو بات ہے، وہ دو پارٹیوں کے ذمے کر دی پریزیڈنٹ نے اور وزیر اعظم نے اور اس میں جو دو پارٹیاں تھیں، اس میں ایک پارٹی جو تھی ہماری مسلم لیگ (ن) اس پر راضی نہیں تھی اس پر، جو ٹھیک تھی، ہمارے ہزارہ کے لوگ خوش تھے کہ کم از کم دو دفعہ یہ میاں صاحب ہمارے ہزارہ سے الیکٹ ہوئے ہیں اور پرائم منسٹر بنے ہیں تو یہ اپنا حق ادا کریں گے، ہزارہ قوم کا اور خواہ مخواہ ہزارہ کو ساتھ لائیں گے۔ اب اس میں جب 'امنڈمنٹ' آرہی تھی، پختونخواہ چلا جاتا، ہم کہتے ہیں کہ ہماری بے بسی تھی، ہم کمزور ہو گئے پختونخوا ٹھیک ہے، اے این پی کا منشور تھا اور انہیں مبارک، وہ ہو گیا لیکن جب اس میں ایک 'امنڈمنٹ' آ گئی تو اس میں تعصبیت اور لسانیت کو اٹھانا تھا، اس میں ہزارہ جو One forth تھا پورے صوبے کا اور جس کے سارے وسائل صوبے میں ہیں اور میں ان کو اس لئے نہیں گننا چاہتا کہ میں اس کو اتنا Highlight اس لئے نہیں کروں گا کہ آپ سب اس سے باخبر ہیں، ہزارہ کے سارے وسائل سب سے زیادہ ہیں اور وہ خود کفیل ڈویژن ہے۔ تو اس میں جناب سپیکر، اس طرح ہوا کہ وہ جو ہمارے اس وقت آنریبل ممبر جو آئینی کمیٹی کے ممبر تھے، وہ ہمارے چہیتے ہیں، وہ ہزارہ کے باسی ہیں، لوگ انہیں پسند کرتے ہیں، وہ اتنے خوش قسمت شخص ہیں کہ At a time وہ سینیٹر بھی تھے، وہ قومی اسمبلی کے ممبر بھی تھے اور وہ صوبائی اسمبلی کے ممبر بھی تھے اور پاکستان کی تاریخ میں یہ بات کسی اور کے ساتھ نہیں ہے، اس کو اللہ نے اتنی عزت دی ہے، سردار مہتاب صاحب کی میں بات کر رہا ہوں، قوم کا جو گلہ تھا، اس پر کسی کو تکلیف نہیں ہونی چاہیئے، اس پر کسی نے طنز نہیں کیا، انہوں نے اپنے آدمی سے جو اتنا عقل مند اور اتنا بڑا آدمی تھا کہ اس نے تخت لاہور کے شہنشاہ کی بات میں آکر کیوں 'یو ٹرن' لیا اور اگر اس آئینی کمیٹی میں وہ بیٹھا ہوا تھا تو جب 'امنڈمنٹ' پختونخوا کے ساتھ آ گئی تو اس میں فائنل ایک درہ کی بجائے ہزارہ کا نام رکھنا چاہیئے تھا۔ اس پر قوم نے اپنے لیڈر کے فیصلے کے خلاف احتجاج کیا، اس پر جب قوم نے احتجاج کیا تو اس میں غلط قسم کے لوگ تھے وہ اس کو غلط طریقے پر لے گئے اور اس میں پھر احتجاج بارہ دن تک بڑے پر امن طریقے سے چل رہا تھا، اس میں کچھ زیادتی نہیں ہوئی لیکن اسمیں پلان کر کے، 'پری پلان' کر کے پولیس کو اسمیں بھیجا گیا اور اس نے نہتے لوگوں پر گولیاں چلائیں۔ اس میں سات موقع پر شہید ہو گئے، دو سو سے زیادہ زخمی، 28 تاریخ کو جب آپ نے ان دو سو زخمیوں کی بات کی تو آپ

